نام: ____________ رول نمبر: ____________ سیکشن: ____________

اردو

# تفہیم عبارت: پیارے رسول خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم

جماعت: دوم

پیارے بچو! ہمارے پیارے نبی کا نام حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم ہے۔ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اللہ کے آخری نبی ہیں۔ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بہت مہربان تھے۔ ہر ایک سے محبت کرتے۔ بچوں پر شفقت فرماتے۔ بچے ملتے تو مسکرا کر انھیں سلام کرتے۔ اُن کا حال پُوچھتے۔ انھیں گود میں اٹھاتے۔ اُن سے پیار بھری باتیں کرتے۔ لوگ آپ کی خدمت میں موسم کا نیا پھل لاتے۔ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم یہ پھل سب سے پہلے بچوں کو دیتے۔ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کبھی کبھی سفر کے لیے مدینہ منورہ سے باہر تشریف لے جاتے۔ جب سفر سے واپس مدینہ منورہ آتے تو راستے میں بچوں کو دیکھ کر سواری روک لیتے۔ بڑی محبت سے انھیں سواری پر بٹھاتے۔ کسی کو اپنے آگے اور کسی کو پیچھے۔ بچے بھی آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم سے بہت محبت کرتے۔ جہاں آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کو دیکھتے، لپک کر آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے پاس پہنچ جاتے۔ اللہ کے پیارے نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم خود بھی بچوں سے پیار کرتے اور دوسروں کو بھی پیار کرنا سکھاتے۔ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا: جو ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہیں کرتا اور بڑوں کی عزت نہیں کرتا اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔

1- **اوپر دی گئی عبارت غور سے پڑھ کر درست جواب منتخب کرتے ہوئے جملہ مکمل کیجیے۔**



i. آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم موسم کا نیا ______ بچوں کو دیتے تھے۔ (کتاب ، پھل)

ii. کبھی کبھی سفر کے لیے ______ سے باہر تشریف لے جاتے۔ (مدینہ ، مکہ)

iii. راستے میں بچوں کو دیکھ کر ______ روک لیتے۔ (سواری ، گاڑی)

iv. بچے جہاں آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کو دیکھتے ______ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے پاس پہنچ جاتے۔ (آہستہ سے ، لپک کر)

2- **کالم ملائیے۔**

| کالم الف | | کالم ب |
|---|---|---|
| حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم | | بچوں کو |
| سواری پر بٹھاتے | | آخری نبی |
| جو چھوٹوں پر شفقت نہیں کرتا | | بچوں سے |
| دوسروں کو بھی پیار کرنا سکھاتے | | اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں |

LIVEWORKSHEETS